**17.04.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......شمیم احمد

**Music**

------------------------------

- ☆ لوک سبھا اور قانون ساز اسمبلیوں میں خواتین کیلئے ایک تہائی ریزرویشن پر عمل آوری سے متعلق آئینی ترمیمی بل پارلیمنٹ کے ایوانِ زیریں میں پاس نہیں ہوسکا۔
- ☆ مرکزی وزیر کرن رجیجو نے کہا کہ اپوزیشن نے خواتین کو حقوق دینے کے تاریخی موقع کو کھو دیا۔
- ☆ وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا کہ کانگریس کو انتخابات میں خواتین کے غصے کا سامنا کرنا ہوگا۔
- ☆ مغربی بنگال میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے اور تمل ناڈو میں واحد مرحلے کیلئے چناؤ مہم میں تیزی آگئی ہے۔
- ☆ ایران نے اسرائیل–لبنان جنگ بندی کے ایک دن بعد آبنائے ہرمز کو کھولنے کا اعلان کیا ہے۔
- ☆ تیل کی قیمت اعلان کے بعد 11 فیصد سے زیادہ کم ہوگئی ہے۔
- ☆ محکمہ موسمیات نے اتوار تک کیرالم میں گرم اور مرطوب موسم کی صورتحال کے سلسلے میں **Yellow** الرٹ جاری کیا ہے۔
- ☆ اور خواتین کرکٹ میں بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان پانچ میچوں کی ٹوینٹی–ٹوینٹی سیریز کا پہلا میچ ڈربن میں ہوگا۔

------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**LS Womens Reservation**

آئین میں 131ویں ترمیم سے متعلق بل 2026، جس کا مقصد لوک سبھا اور قانون ساز اسمبلی میں خواتین کی ایک تہائی ریزرویشن پر عمل آوری ہے، آج لوک سبھا سے منظوری حاصل نہیں کرسکا۔ بل کو لوک سبھا میں موجود کُل 489 ممبران میں سے 326 ممبران کی دوتہائی اکثریت حاصل نہیں ہوسکی۔ ووٹنگ کے دوران بل کے حق میں 298 ممبران پارلیمنٹ نے ووٹ ڈالے اور 230 نے بل کے خلاف ووٹ دیا۔ ووٹنگ کے نتائج کا اعلان لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے کیا۔ انھوں نے کہا کہ اب اِس قانون سازی پر مزید پیشرفت ممکن نہیں ہے کیونکہ یہ اپنی منظوری کیلئے درکار اکثریتی ووٹ حاصل نہیں کرسکا۔

اِس کے بعد پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا کہ دو دیگر بل، جو آئین میں 131ویں ترمیمی بل

2026سے وابستہ تھے، یعنی حدبندی بل 2026اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے قوانین میں ترمیم سے متعلق بل 2026 بھی منظوری کیلئے پیش نہیں کئے جائیں گے۔ انھوں نے اپوزیشن پر الزام لگایا کہ اُس نے خواتین کو ریزرویشن مہیا کرانے کے موقع کو کھو دیا۔اب جبکہ یہ بل منظور نہیں ہوسکا تو NDA کے ممبرانِ پارلیمنٹ نے ناری شکتی کیلئے اِس اہم قانون کی حمایت نہ کرنے کا اپوزیشن پر الزام لگاتے ہوئے پارلیمنٹ میں احتجاج شروع کردیا۔ بعد میں ایوان کی کارروائی کل صبح 11 بجے تک کیلئے ملتوی کردی گئی۔

اِس سے قبل مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا کہ حکومت لوک سبھا اور ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی قانون ساز اسمبلیوں میں خواتین کی ریزرویشن کو یقینی بنانے کیلئے ہرممکن کوشش کرے گی۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ کانگریس کو انتخابات میں خواتین کے غصے کا سامنا کرنا پڑے گا۔انھوں نے کہا کہ حدبندی سے حلقوں کو زیادہ منطقی بنایا جاسکے گا اور اِس سے درجِ فہرست ذاتوں اور درجِ فہرست قبائل کی نمائندگی بڑھے گی۔ مزید یہ کہ اِس عمل کی مخالفت کا مطلب اِن فرقوں کیلئے زیادہ نمائندگی کی مخالفت ہے۔

**S/B 2045 Amit Shah on SC/ST Delimit**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے اپوزیشن نے ان دعوؤں کو مسترد کردیا کہ حدبندی سے جنوبی ریاستوں میں لوک سبھا کی سیٹیں کم ہوجائیں گی۔ انھوں نے کہا کہ ایک جھوٹا بیانیہ تخلیق کیا گیا اور اِسے کرناٹک، تمل ناڈو، آندھراپردیش، تلنگانہ اور کیرالم پر چسپاں کیا گیا۔ انھوں نے کہا کہ اِن ریاستوں کی مشترکہ سیٹوں کی تعداد حدبندی کے بعد 129 سے بڑھ کر 195 ہوجائے گی اور اُن کی حصے داری موٹے طور پر مستحکم رہے گی۔

جناب شاہ نے واضح لفظوں میں کہا کہ اِس عمل کی وجہ سے کسی ریاست کو کوئی نقصان نہیں ہوگا اور اِسے ایک ایسا عمل قرار دیا جو منطقی نمائندگی پر مبنی ہے۔

**S/B 2045 Amit Shah on South States**

اِس سے قبل بحث میں حصہ لیتے ہوئے لوک سبھا میں اپوزیشن کے لیڈر راہل گاندھی نے کہا کہ ناری شکتی وندن ادھینیم، خواتین ریزرویشن کا بل نہیں ہے اور اِس کا خواتین کو بااختیار بنانے سے کوئی تعلق نہیں۔ انھوں نے الزام لگایا کہ پارلیمنٹ میں اِن بلوں کو پیش کرکے انتخابی نقشے کو بدلنے کی ایک کوشش کی جارہی ہے۔

بحث میں حصہ لیتے ہوئے جناب گاندھی نے الزام لگایا کہ اِس سے دلت اور دیگر پسماندہ طبقات معاشرے میں اپنے حقیقی مقام سے محروم ہوجائیں گے۔x

## RS Harivansh

ہری ونس نارائن سنگھ کو لگاتار تیسری بار راجیہ سبھا کا نائب چیئرمین منتخب کیا گیا ہے، جس کی تحریک جے پی نڈا نے پیش کی تھی۔ اپنے انتخاب کے بعد انھوں نے کہا کہ جمہوریت میں صحت مند مباحثہ نہایت اہم ہے لیکن ہنگامہ آرائی کیلئے کوئی جگہ نہیں ہے۔ انھوں نے یقین دہانی کرائی کہ وہ ایوان کے وقار کو برقرار رکھیں گے اور اراکین کے حقوق کا تحفظ کریں گے۔

**S/B- Harivansh**

راجیہ سبھا کا نائب چیئرمین منتخب ہونے کے بعد ہری ونش نارائن سنگھ نے دروپدی مرمو سبھی پارٹیوں کے اراکین اور نریندر مودی کا ان پر اعتماد کرنے کیلئے شکریہ ادا کیا۔ انھوں نے حزبِ اختلاف کے لیڈر ملکا ارجن کھڑگے کے تجربے اور رہنمائی کی بھی ستائش کی۔

ہری ونش نارائن سنگھ کو مبارکباد دیتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ ان کے تجربے اور دانائی نے ایوان کے کام کاج کو بہتر بنانے میں مدد کی ہے اور انہیں یقین ہے کہ وہ آئندہ بھی اسے برقرار رکھیں گے۔

**S/B - PM MODI**

حزبِ اختلاف کے رہنما ملکا ارجن کھڑگے نے راجیہ سبھا کا نائب چیئرمین منتخب ہونے پر مبارکباد دی اور کہا کہ اس عہدے پر فائز ہونے والے وہ پہلے نامزد رکن ہیں۔ انھوں نے امید ظاہر کی کہ نائب چیئرمین ایوان میں اپوزیشن کو مناسب وقت فراہم کریں گے۔ دوسری جانب 2019 سے لوک سبھا کے ڈپٹی اسپیکر کا عہدہ خالی رہنے پر اپنی تشویش کا بھی اظہار کیا۔

ایوان کے رہنما جے پی نڈا نے کہا کہ ہری ونش نارائین سنگھ کا متفقہ انتخاب جمہوریت میں اتفاقِ رائے کی عکاسی کرتا ہے۔ انھوں نے ان کی دیانتداری اور کام کرنے کے طریقے کی بھی ستائش کی۔ DMK رہنما تروچی سیوا اور CPI کے سنتوش کمار نے ان کے تجربے اور منصفانہ رویے کی تعریف کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اینچ ڈی دیوے گوڑا اور ملند دیورا سمیت دیگر متعدد اراکین نے بھی ان کو مبارکباد دی۔ اس کے بعد ایوان کی کارروائی کل صبح گیارہ بجے تک کیلئے ملتوی کردی گئی۔×

## WB Campaigning

اب جیسے جیسے اسمبلی انتخابات کا وقت قریب آرہا ہے پورے مغربی بنگال میں چناؤ مہم اپنے عروج پر ہے۔ بڑی سیاسی پارٹیوں کے لیڈر ریلیاں اور عوامی جلسے کر رہے ہیں۔ BJP لیڈر Suvendu ادھیکاری نے پرولیا میں چناؤ مہم کی اور نوجوانوں کیلئے ملازمتوں کا وعدہ کیا۔ انھوں نے ریاستی سرکار پر بنیادی نوعیت کے بنیادی ڈھانچے کو نظرانداز کرنے کا الزام لگایا۔ مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ دیوند فڑنویس اور آسام کے وزیر اعلیٰ ہیمنت بسوا سرما نے بھی BJP امیدواروں کی حمایت میں ریلیوں سے خطاب کیا۔

ترنمول کانگریس کی لیڈر اور وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے ریاست بھر میں کئی جگہ میٹنگیں کیں۔ انھوں نے الزام لگایا کہ BJP آئینی اور حدبندی سے متعلق اقدامات کے ذریعے بنگال کو تقسیم کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔

TMC کے لیڈر ابھیشیک بنرجی نے بھی BJP کے ریکارڈ کی نکتہ چینی کی۔ CPIM کے لیڈر محمد سلیم اور Sujan چکرورتی اور کانگریس اور دیگر پارٹیوں نے بھی چناؤ مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔x

## TN Campaigning

تمل ناڈو میں چناؤ مہم میں تیزی آ گئی ہے۔ اسمبلی انتخابات سے قبل سبھی پارٹیاں ووٹروں کو راغب کرنے کی بھرپور کوشش کر رہی ہیں۔BJP لیڈر کے انّا ملائی اور ایم ایل اے Vanathi سرینواسن نے کوئمبٹور ساؤتھ کیلئے

حکمرانی کی ایک رپورٹ جاری کی، جس میں دلّی میں قائم ایک تھنک ٹینک کی جانب سے 11اسکیموں کے تجزیے کا حوالہ دیا گیا ہے اور DMK پر سرکاری سہولیات کے غلط استعمال کا الزام لگایا۔ انھوں نے خواتین کی بہبود اور صحت سے متعلق اسکیموں کو بھی اجاگر کیا۔

AIADMK کے جنرل سکریٹری Edappadi K پلاناسامی نے Salem میں چناؤ مہم میں حصہ لیتے ہوئے DMK پر حدبندی سے متعلق غلط اطلاعات پھیلانے کا الزام لگایا، جبکہ نائب وزیر اعلیٰ Udhayanidhi اسٹالن نے کوئمبٹور میں ایک عوامی جلسے میں منشور میں کئے گئے وعدوں کو اجاگر کیا۔ TVK کے لیڈر Sengottaiyan نے AIADMK کی قیادت کی نکتہ چینی کی، PMK کے لیڈر Anbumani راما Doss نے DMK کے تحت سماجی انصاف کی کمی کا الزام لگایا۔ اور CPI کے لیڈر Shanmugam نے کہا کہ اداکار مستحکم حکمرانی فراہم نہیں کرسکتے۔x

## Allahabad HC Rahul Gandhi

اتر پردیش میں الہ آباد ہائی کورٹ کی لکھنؤ بینچ نے آج رائے بریلی سے کانگریس کے رکن پارلیمنٹ اور لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر راہل گاندھی کے خلاف دوہری شہریت کے معاملے میں FIR درج کرنے کا حکم دیا۔ جسٹس سبھاش ودیارتھی کی ایک رکنی بینچ نے کہا کہ راہل گاندھی کے خلاف لگائے گئے الزامات کی جانچ ضروری ہے۔ انہوں نے اترپردیش حکومت کو ہدایت دی کہ یا تو وہ خود تحقیقات کرے یا اِس معاملے کو کسی مرکزی ایجنسی کو سونپ دے۔

یہ حکم BJP کارکن ایس وگنیش Shishir کی درخواست پر دیا گیا ہے، جنہوں نے 28جنوری کے ایک خصوصی ایم پی/ایم ایل اے عدالت کے فیصلے کو چیلنج کیا تھا۔ نچلی عدالت نے ان کی درخواست مسترد کر دی تھی اور کہا تھا کہ شہریت سے متعلق معاملات کا فیصلہ کرنا اس کے دائرہ اختیار سے باہر ہے۔

شکایت ابتدائی طور پر رائے بریلی کی ایک خصوصی MP/MLA کورٹ میں دائر کی گئی تھی۔ پچھلے سال 17 دسمبر کو ہائی کورٹ نے اِس معاملے کو لکھنؤ منتقل کر دیا تھا۔ نچلی عدالت سے درخواست مسترد ہونے کے بعد درخواست گزار نے ہائی کورٹ سے رجوع کیا تھا۔ x

## US Iran Hormuz Open

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے اعلان کیا ہے کہ آبنائے ہرمز کمرشل جہازرانی کیلئے پوری طرح کھُل گیا ہے۔ سوشل میڈیا پر جاری ایک پوسٹ میں جناب عراقچی نے اعلان کیا کہ لبنان میں جنگ بندی کے ساتھ ہی تمام کمرشل جہازوں کیلئے آبنائے ہرمز کو مکمل طور پر کھول دیا گیا ہے۔ البتہ جہاز، ایرانی بندرگاہوں اور سمندری سرحدوں کی تنظیم کی جانب سے متعین کردہ ایک راستے پر ہی سفر کریں گے۔

اُس کے چند ہی منٹ بعد جناب ٹرمپ نے بھی پوسٹ کیا کہ ایران نے آبنائے ہرمز کو مکمل طور پر کھولے جانے کا اعلان کردیا ہے۔ یہ اعلان لبنان اور اسرائیل کے درمیان 10دن کی جنگ بندی کے امریکی صدر

ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے اعلان کے ایک دن بعد سامنے آیا ہے۔تیل کی قیمتیں اِس اعلان کے بعد **11**فیصد سے زیادہ کم ہوگئی ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ.......

**VC Vinod Kumar**

ایرانی حکام نے کہا ہے کہ مخصوص کوریڈور صرف غیر فوجی جہازوں تک محدود رہے گی۔ سپاہِ پاسدارانِ انقلاب **IRGC** نے خبردار کیا ہے کہ آبنائے ہرمز کے قریب آنے والے کسی بھی فوجی جہاز کو خلاف ورزی تصور کیا جائے گا اور اس کے خلاف سخت اور فیصلہ کن کارروائی کی جائے گی۔ اس اقدام سے ایران کو جہازوں کی آمد و رفت پر قریبی نظر رکھنے اور آپریشنل کنٹرول برقرار رکھنے میں مدد ملے گی، جبکہ وہ اس آبی گزرگاہ کو تجارتی جہازرانی کے لیے کھلا بھی ظاہر کرتا ہے۔

دوسری جانب، امریکہ نے جاری مذاکرات کے دوران ایرانی بندرگاہوں میں داخل ہونے یا وہاں سے نکلنے والے جہازوں کو نشانہ بنا کر اپنی بحری ناکہ بندی جاری رکھی ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ معاہدہ بے حد قریب ہے۔ تاہم انہوں نے اس بات کی تصدیق کی کہ حتمی معاہدہ طے پانے تک بحری ناکہ بندی برقرار رہے گی۔اندازہ ہے کہ اس ناکہ بندی سے ایران کو روزانہ کروڑوں ڈالر کا نقصان ہو رہا ہے، جس سے تہران پر سمجھوتے کی طرف بڑھنے کا دباؤ بڑھ رہا ہے۔

توانائی کی منڈیوں نے بھی فوری ردعمل دیا ہے اور ایران کی جانب سے مربوط راستے کے اعلان کے بعد برینٹ خام تیل کی قیمت **90**ڈالر سے نیچے آ گئی۔ تاہم اگر جنگ بندی ختم ہونے سے پہلے کوئی معاہدہ نہ ہو سکا تو کشیدگی دوبارہ بڑھ سکتی ہے اور مغربی ایشیا کی توانائی منڈیوں میں اتار چڑھاؤ میں اضافہ ہو سکتا ہے۔

دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں اصغر علی

## Doval Jaishankar Ukraine Talks

قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال اور وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج نئی دلّی میں یوکرین کی قومی سلامتی اور دفاعی کونسل کے سکریٹری رستم عمروف سے الگ الگ میٹنگیں کیں۔ میٹنگوں میں دو طرفہ تعلقات اور روس اور یوکرین کے درمیان جاری تنازع پر بات چیت ہوئی۔ بات چیت کے دوران بھارت نے اپنے اصولی مؤقف کو دوہراتے ہوئے بات چیت اور سفارتکاری کے ذریعے پرامن حل پر زور دیا۔ فریقین نے بھارت اور یوکرین کے درمیان تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے امکانات کا بھی جائزہ لیا۔**x**

## Rev Jharkhand Maoists Killed

جھارکھنڈ میں ہزاری باغ–چترا سرحد سے متصل **Khapia** جنگلاتی علاقے میں آج سکیورٹی فورسز کے ساتھ جھڑپ میں چار ماؤنواز ہلاک ہو گئے۔ ہلاک ہونے والوں میں سے ایک کی شناخت سہدیو مہتو کے طور پر ہوئی ہے، جس پر **15**لاکھ روپے کا انعام تھا۔ دیگر ماؤنوازوں کی شناخت علاقائی کمیٹی کے رکن رنجیت گنجھو، ذیلی علاقائی

کمیٹی کی رکن Natasha اور ایریا کمانڈر بُدھان کرمالی کے طور پر ہوئی ہے۔ رنجیت گنجھو پر 10لاکھ روپے کا انعام تھا۔کوبرا بٹالین اور ضلعی پولیس کی مشترکہ کارروائی کے دوران بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوئے، جن میں دو AK-47رائفل، ایک کولٹ AR-15رائفل اور ایک INSAS رائفل شامل ہیں۔

پولیس کے مطابق اس کارروائی سے ہزاری باغ اور چترا ضلعوں کے Parasnath-Lugujhumra سرحدی علاقے میں سرگرم ماؤنوازوں کے نیٹ ورک کو مؤثر طور پر ختم کر دیا گیا ہے۔ جھارکھنڈ پولیس نے باقی ماؤنوازوں سے بھی ہتھیار ڈالنے اور ریاستی حکومت کی باز آبادکاری پالیسی سے فائدہ اٹھانے کی اپیل کی ہے۔ x

## Keralam Heatwave

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے کیرالم میں اتوار تک گرم اور حبس والے موسم کیلئے Yellow الرٹ جاری کیا ہے۔ ریاست کے کئی ضلعوں میں درجۂ حرارت معمول سے اوپر رہنے کا امکان ہے۔ Palakkad میں درجۂ حرارت 40ڈگری سیلسیس، Kollam میں 39ڈگری سیلسیس اور کوٹائم میں 38ڈگری سیلسیس رہنے کا امکان ہے، جبکہ دیگر ضلعوں میں درجۂ حرارت تقریباً 37ڈگری سیلسیس رہ سکتا ہے، جوکہ اوسط درجۂ حرارت سے دو سے تین ڈگری سیلسیس زیادہ ہے۔ کیرالم کی آفات کی صورت میں کام کرنے والی ریاستی اتھارٹی نے عوام کو گرمی سے وابستہ بیماریوں کیلئے احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کا مشورہ دیا ہے۔

ریاست میں الگ الگ واقعات میں Kasaragod ضلعے میں ایک 13سالہ طالب علم کو لُو لگ گئی، جبکہ کولّم ضلعے میں KSEB کا ایک Lineman ڈیوٹی کے دوران شدید دھوپ سے جھلس گیا۔ IMD نے ریاست میں کہیں کہیں 20اور 21اپریل کو بارش کی بھی پیشگوئی کی ہے۔x

## Womn's T20 Cricket

خواتین کرکٹ میں ڈربن کے Kingsmead میں پانچ ٹی ٹوئنٹی میچوں کی سیریز کے پہلے میچ میں آج بھارت کا مقابلہ جنوبی افریقہ سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات ساڑھے 9بجے کھیلا جائے گا۔ اگلا میچ بھی اِسی مقام پر اتوار کو ہوگا۔ یہ سیریز ایسے وقت کھیلی جا رہی ہے، جب خواتین کے ICC ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ 2026میں صرف دو مہینے باقی رہ گئے ہیں۔ دونوں ہی ٹیمیں یہ سیریز جون میں ہونے والے ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کی تیاری کے طور پر کھیلیں گی۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆